نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

7اکتوبر 2010ء

برائے فوری اجراء

563/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

C-17اور C-130طیاروں کے امدادی مشن کی تکمیل پر تقریب کا انعقاد

اسلام آباد(7اکتوبر2010ء)___ چیئرمین پاکستان نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد اور پاکستان میں امریکہ کے دفاعی نمائندے وائس ایڈمرل لی فیور نے گزشتہ روز پاک فضائیہ کے چکلالہ ایئربیس پر منعقدہ ایک تقریب میں امریکہ اور پاکستان کے حکومتی نمائندوں کے ہمراہ سیلاب زدہ علاقوں میں امریکی فوج کے C-130اور C-17طیاروں کی امدادی پروازوں کے اختتام کا اعلان کیا۔

پاکستان کی درخواست پر اور ان طیاروں کا مشن مکمل ہونے پر امریکی فوج نے تین اکتوبر کو C-17اور C-130طیاروں کے ذریعے سیلاب زدہ علاقوں میں آخری امدادی پروازیں کیں۔ ابتداء ہی سے ان طیاروں نے پاکستان میں سیلاب کی امدادی کارروائیوں کے سلسلہ میں اہم خدمات انجام دی ہیں۔ اس آفت کے آغاز کے دنوں میں 436,000حلال کھانے تقسیم کرنے کے علاوہ ان طیاروں اور ان کے عملے نے پچپن لاکھ پاؤنڈز (تقریباً25لاکھ کلوگرام) وزنی انتہائی ضرورت کی اشیاء ملک بھر میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں تک پہنچانے کیلئے پاکستان کی فوج اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ساتھ قریبی اشتراک کار کے تحت کام کیا۔ پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں سے ہزاروں لوگوں کو نکالنے کے سلسلہ میں بھی ان طیاروں کو کلیدی حیثیت حاصل تھی۔

لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد نے کہا کہ میں امدادی کارروائیوں میں غیر معمولی کردار ادا کرنے پر امریکی حکومت اور عوام کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں اور اُن کا شکر گزار ہوں۔

اگرچہ جہازوں کے ذریعے سامان کی ترسیل اختتام کو پہنچ گئی ہے لیکن امریکہ سیلاب زدگان کو امداد فراہم کرنے کے اپنے عہد پر مضبوطی سے قائم ہے۔ یو ایس ایڈ اور امریکہ کے دیگر شہری ادارے پاکستان بھر میں سیلاب زدگان کی بحالی اور انسانی بنیادوں پر اُن کی امداد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ علاوہ ازیں امریکہ کے فوجی ہیلی کاپٹرز کی تربیلا کے قریب غازی ایوی ایشن بیس اور سکھر کے نزدیک پنوں عاقل ایئربیس سے امدادی پروازیں جاری ہیں جبکہ ہنگامی صورتحال میں خدمات انجام دینے والا امریکی فضائیہ کا یونٹ چکلالہ ایئربیس سے ملک بھر میں سیلاب سے متاثرہ پاکستانیوں کو بین الاقوامی امداد پہنچانے میں مصروف ہے۔

اب تک امریکہ کے فوجی عملے اور طیاروں نے پاک فوج کے اشتراک سے سیلاب زدہ علاقوں میں ایک کروڑ اڑتالیس لاکھ پاؤنڈز (چھیاسٹھ لاکھ کلوگرام) امدادی اشیاء تقسیم کیں اور 21,000افراد کو محفوظ مقامات تک پہنچایا ہے۔

###

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3